313

آیات نمبر 65 تا 72 میں بیان کہ اللہ نے زمین کی تمام چیزوں کو تمہارے ہی فائدہ کے لئے
کام میں لگا رکھا ہے۔ پچھلی امتوں کی طرح اس امت کی عبادت کا بھی ایک طریقہ مقرر کر دیا
گیا ہے۔ جس چیز کے بارے میں یہ منکرین جھگڑتے ہیں، روز قیامت اللہ اس کے بارے میں
فیصلہ کر دے گا۔ اللہ کی آیات ان مشرکین کو ناگوار محسوس ہوتی ہیں لیکن وہ جان لیں کہ
جہنم کی آگ اس سے زیادہ ناگوار ہوگی۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ
بِاَمْرِهٖ ؕ کیا تم نے غور نہیں کیا کہ اللہ نے زمین کی تمام چیزوں کو تمہارے ہی فائدہ
کے لئے کام میں لگا رکھا ہے اور کشتی کو دیکھو کہ وہ اللہ کے حکم سے سمندر میں چلتی ہے
وَ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اور وہ اللہ ہی ہے جس
نے آسمان اور اس کی ہر چیز کو زمین پر گرنے سے روکا ہوا ہے سوائے اس چیز کے جو
اس کے حکم سے زمین پر آ جائے اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾
بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر بڑی شفقت فرمانے والا اور ہر وقت رحم فرمانے والا ہے
وَ هُوَ الَّذِيْۤ اَحْيَاكُمْ ۫ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ
لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾ وہی ہے جس نے تمہیں زندگی بخشی ہے، پھر وہی تم کو موت دے گا اور
وہی پھر تمہیں دوبارہ زندہ کرے گا، بیشک انسان بڑا ہی ناشکر گزار ہے لِكُلِّ اُمَّةٍ
جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَ ادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ
اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! ہم نے ہر پچھلی اُمت کے

لئے عبادت کے طور طریقے مقرر کر دیئے تھے جس پر وہ عمل کرتی تھیں اور اسی
طرح اب آپ کے لئے بھی ایک طریقہ مقرر کر دیا ہے، سو ان لوگوں کو چاہیئے کہ
اس معاملہ میں آپ سے نہ جھگڑیں البتہ آپ ان کو اپنے رب کے دین کی طرف
بلاتے رہیں، بلاشبہ آپ راہ راست پر ہیں وَ اِنۡ جٰدَلُوۡكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا
تَعۡمَلُوۡنَ﴿۶۸﴾ اور اگر پھر بھی یہ لوگ آپ سے اس بارے میں جھگڑیں تو آپ کہہ
دیجئے کہ جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے اَللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ يَوۡمَ
الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ﴿۶۹﴾ جن باتوں میں تم آپس میں اختلاف کر
رہے ہو، قیامت کے دن اللہ تمہارے درمیان ان سب باتوں کا فیصلہ کر دے گا
اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ‌ؕ کیا تم نہیں جانتے کہ
اللہ کو آسمان اور زمین کی ہر چیز کے بارے میں علم ہے اِنَّ ذٰلِكَ فِىۡ كِتٰبٍ‌ؕ اِنَّ
ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ﴿۷۰﴾ بے شک یہ سب کچھ ایک کتاب میں درج ہے، یقیناً اللہ
کے لئے یہ سب کچھ بہت آسان ہے وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَمۡ يُنَزِّلۡ
بِهٖ سُلۡطٰنًا وَّمَا لَيۡسَ لَهُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ‌ؕ اور یہ لوگ اللہ کے سوا اُن چیزوں کی
عبادت کرتے ہیں جن کے لئے نہ تو اللہ نے کوئی سند نازل فرمائی ہے اور نہ ہی اُن کے
بارے میں اِن لوگوں کے پاس کوئی عقلی دلیل ہے وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ نَّصِيۡرٍ﴿۷۱﴾
اور قیامت کے روز ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا وَ اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا
بَيِّنٰتٍ تَعۡرِفُ فِىۡ وُجُوۡهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا الۡمُنۡكَرَ‌ؕ جب لوگوں کے سامنے

ہماری واضح آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کے چہروں پر ابھرتے ہوئے ناگواری
کے اثرات سے تم کافروں کو پہچان سکتے ہو یَکَادُوْنَ یَسْطُوْنَ بِالَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ
عَلَیْهِمْ اٰیٰتِنَا ؕ ایسا لگتا ہے کہ یہ ان لوگوں پر ابھی جھپٹ پڑیں گے جو انہیں ہماری
آیات پڑھ کر سنا رہے ہیں قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ آپ
کہہ دیجئے کہ کیا میں تمہیں اس سے زیادہ ناگواری کی چیز بتاؤں؟ وہ ہے جہنم کی آگ
وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۷۲﴾ وہ آگ جس کا اللہ نے
کافروں سے وعدہ کیا ہے، بے شک واپس جانے کے لئے جہنم بہت ہی بری جگہ ہے

رکوع [۹]

[#313]

Verses 65 to 72 explain that Allah has made everything on earth work for your benefit. Just as previous nations had a designated way of worship, this nation also has its prescribed method. Whatever disputes the disbelievers have, Allah will resolve them on the Day of Judgment. These polytheists find Allah's signs unpleasant, but they should realize that the fire of Hell will be far more unbearable.

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ

Have you not considered that Allah has subjected to you, everything on the earth [for your benefit], and [look at] the ships, how they sails through the sea by His command?

وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

And [Allah alone] restrains the sky [and everything within it] from falling upon the earth, except that [something falls] by His permission.

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾

Indeed, Allah is Most Compassionate and Ever Merciful to the people.

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾

And He is the One, Who gave you life, then He causes you to die, and then He will [again] bring you back to life. [But] truly, man is very ungrateful.

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى
الْاَمْرِ وَ ادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾

[O Prophet!] for every [previous] nation We prescribed a way of worship which they must follow. [Similarly, We have prescribed a way for you.] Therefore [as to the unbelievers], let them not dispute with you about the matter. And invite them to your Lord, Certainly, it is you, who are on the right path.

وَ اِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾

And if they still dispute with you about it, then say, "Allah knows best what you are doing".

اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾

Allah will judge between you On the Day of Judgment, about the matters you have been disputing.

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ

Do you not know that Allah has full knowledge of everything in the heavens and the earth?

اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾

Indeed, all of this is [written] in a [Preserved Heavenly] Book, and surely, for Allah, this is very easy.

وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّ مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

And these people worship [other things] besides Allah, for which He has not sent down any authority, and about which they do not have any [real] knowledge.

وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾

And for such wrongdoers there shall not be any helper [on the Day of Judgment].

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ

When Our clear verses are recited to them, you [O Prophet!] can recognize the signs of disapproval on the faces of the disbelievers.

يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَاؕ

[It seems as if] they would nearly attack those who recite Our Verses to them.

قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْؕ اَلنَّارُؕ

Say, "Shall I inform you of something even worse than this? [It is the] fire [of Hell]".

وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْاؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ﴿۷۲﴾

رکوع[۹]

[The fire of Hell] which Allah has promised to all those who disbelieve. Indeed, [Hell is a] terrible destination [to return to]".